8865 ـ سمندی جھاگ سے استنجاء کرنے کا حکم

سوال

کیا سیپی یا سمندری جھاگ کا شمار ان ہڈیوں میں ہوتا ہے جس کے ساتھ استنجاء کرنا جائز نہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ہم نے یہ سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح العثیمین رحمہ اللہ کے سامنے رکھا تو انہوں نے جواب دیا:

نہیں، بلکہ ان کے ساتھ استنجاء کرنا جائز ہے، کیونکہ حدیث میں ہر اس ہڈي کا ذکر ہے جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہو.

اور یہ (یعنی سیپی اور سمندری جھاگ) ذبح نہیں ہوتی (چنانچہ یہ اس طرح کی ذبح کردہ مباح اشیاء میں شامل نہیں ہو جن پر اللہ کا نام لیا گیا ہو اور اس کی ہڈی سے استنجاء کرنا حرام ہو، کیونکہ وہ تو مسلمان جنوں کا کھانا ہے، جیسا کہ حدیث میں بیان ہوا ہے). انتہی .